## 2188 ـ ایك عیسائی كے گھر میں تھا كہ نماز كا وقت ہو گیا

**سوال**

بعض اوقات میں كسی عیسائی كے گھر میں ہوتا ہوں تو نماز كا وقت ہو جاتا ہے، اور میں اپنی جائے نماز لے كر ان كے سامنے نماز ادا كرنا شروع كر دیتا ہوں، تو كیا میری نماز صحیح ہے، كیونكہ نماز عیسائی كے گھر میں ادا كی گئی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں آپ كی نماز صحیح ہے، اللہ تعالی آپ كو اپنی اطاعت كرنے كی حرص اور بھی زیادہ فرمائے، اور خاص كر نماز پنچگانہ كو صحیح اوقات میں ادا كرنے كی توفیق نصیب فرمائے، واجب یہ ہے كہ آپ نماز باجماعت ادا كرنے كی كوشش كریں، اور حسب استطاعت مساجد میں نماز ادا كر كے مساجد كو آباد كریں.